روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 21 مئی 2010ء 6 جمادی الثانی 1431 ہجری 21 ہجرت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 111

## بہادری کا نقشہ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

سورۃ العادیات میں آنحضرت ﷺ اور آپ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم کی دفاعی جنگوں کا ذکر فرمایا گیا جو ہر شان میں دنیاوی جنگوں سے مختلف اور نیک انجام ہیں۔ ان تیز رفتار گھوڑوں کو گواہ ٹھہرایا گیا جو تیزی سے سانس لیتے ہوئے اس طرح دشمن پر لپکتے ہیں کہ ان کے سموں سے چنگاریاں نکلتی ہیں اور صبح کے وقت حملہ آور ہوتے ہیں، شب خون نہیں مارتے۔ یہ اعلیٰ درجے کی بہادری کی علامت ہے ورنہ دنیاوی قوموں کی لڑائی میں ہر جگہ یہی بیان ہوا ہے کہ وہ چھپ کر حملہ کرتے ہیں۔

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

براہین احمدیہ میں جو آج سے پچیس برس پہلے تمام ممالک میں شائع ہو چکی ہے۔ یعنی ہر حصہ پنجاب اور ہندوستان اور بلاد عرب اور شام اور کابل اور بخارا۔ غرض تمام بلاد (۔) میں پہنچائی گئی ہے اس میں یہ ایک پیشگوئی ہے (۔) یعنی خدا کی وحی میں میری طرف سے یہ دعا تھی کہ اے میرے خدا مجھے اکیلا مت چھوڑ جیسا کہ اب میں اکیلا ہوں اور تجھ سے بہتر کون وارث ہے یعنی اگرچہ میں اس وقت اولاد بھی رکھتا ہوں اور والد بھی اور بھائی بھی لیکن روحانی طور پر ابھی میں اکیلا ہی ہوں اور تجھ سے ایسے لوگ چاہتا ہوں جو روحانی طور پر میرے وارث ہوں۔ یہ دعا اس آیندہ امر کے لئے پیشگوئی تھی کہ خدا تعالیٰ روحانی تعلق والوں کی ایک جماعت میرے ساتھ کر دے گا جو میرے ہاتھ پر توبہ کریں گے سو خدا کا شکر ہے کہ یہ پیشگوئی نہایت صفائی سے پوری ہوئی۔ پنجاب اور ہندوستان سے ہزار ہا سعید لوگوں نے میرے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔ اور ایسا ہی سرزمین ریاست امیر کابل سے بہت سے لوگ میری بیعت میں داخل ہوئے ہیں اور میرے لئے یہ عمل کافی ہے کہ ہزارہا آدمیوں نے میرے ہاتھ پر اپنے طرح طرح کے گناہوں سے توبہ کی ہے اور ہزارہا لوگوں میں بعد بیعت میں نے ایسی تبدیلی پائی ہے کہ جب تک خدا کا ہاتھ کسی کو صاف نہ کرے ہرگز ایسا صاف نہیں ہو سکتا اور میں حلفاً کہہ سکتا ہوں کہ میرے ہزار ہا صادق اور وفادار مرید بیعت کے بعد ایسی پاک تبدیلی حاصل کر چکے ہیں کہ ایک ایک فرد ان میں بجائے ایک ایک نشان کے ہے۔ اگرچہ یہ درست ہے کہ ان کی فطرت میں پہلے ہی سے ایک مادہ رشد اور سعادت کا مخفی تھا مگر وہ کھلے طور پر ظاہر نہیں ہوا جب تک انہوں نے بیعت نہیں کی۔ غرض خدا کی شہادت سے ثابت ہے کہ پہلے میں اکیلا تھا اور میرے ساتھ کوئی جماعت نہ تھی اور اب کوئی مخالف اس بات کو چھپا نہیں سکتا کہ اب ہزار ہا لوگ میرے ساتھ ہیں۔ پس خدا کی پیشگوئیاں اس قسم کی ہوتی ہیں جن کے ساتھ نصرت اور تائید الٰہی ہوتی ہے۔ کون اس بات میں مجھے جھٹلا سکتا ہے کہ جب یہ پیشگوئی خدا تعالیٰ نے فرمائی اور براہین احمدیہ میں درج کر کے شائع کی گئی۔ اس وقت جیسا کہ خدا نے فرمایا میں اکیلا تھا اور بجز خدا کے میرے ساتھ کوئی نہ تھا میں اپنے خویشوں کی نگاہ میں بھی حقیر تھا کیونکہ ان کی راہیں اور تھیں اور میری راہ اور تھی۔ اور قادیان کے تمام ہندو بھی باوجود سخت مخالفت کے اس گواہی کے دینے کے لئے مجبور ہوں گے کہ میں درحقیقت اس زمانہ میں ایک گمنامی کی حالت میں بسر کرتا تھا اور کوئی نشان اس بات کا موجود نہ تھا کہ اس قدر ارادت اور محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھنے والے میرے ساتھ شامل ہو جائیں گے۔ اب کہو کہ کیا یہ پیشگوئی کرامت نہیں ہے۔ کیا انسان اس پر قادر ہے۔ اور اگر قادر ہے تو زمانہ حال یا سابق زمانہ میں سے اس کی کوئی نظیر پیش کرو۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 248)

## محبت پیدا کرنے والی بات کریں

ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے خطبہ جمعہ 23 ستمبر 1983ء میں فرمایا:۔

”ہر وہ بات کریں جس سے آپس میں محبت پیدا ہوتی ہے ہر اس بات سے نفرت کریں جس سے آپس میں نفرت پیدا ہوتی ہو۔ اور جو پہلے ہو چکا اس کو ختم سمجھیں اور آئندہ کے لئے اگر آپ کی موجودگی میں کوئی بات ہو جس سے نفرت پیدا ہوتی ہو تو اس کو روکیں یا وہاں سے اٹھ کر چلے جائیں۔ جو لوگ نفرت پیدا کرتے ہیں ان سے تعلق توڑ لیں۔“

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010ء)

## داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

جن طلباء نے میٹرک کا امتحان دے دیا ہے اور وہ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے خواہشمند ہیں ان کو چاہئے کہ بلاتاخیر اپنی درخواست برائے داخلہ اپنے اور والد/ سرپرست کے دستخطوں اور مکرم امیر صاحب/ صدر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ کو بھجوائیں۔

1۔ درخواست مکمل کرنے کیلئے حسب ذیل امور ضروری ہیں۔

☆ نام، تاریخ پیدائش، ولدیت، مکمل پتہ، تعلیم اور اگر وقف نو ہے تو اس کا حوالہ نمبر دیا جائے۔

☆ میٹرک پاس امیدوار کیلئے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 17 سال اور ایف اے/ ایف ایس سی پاس امیدوار کیلئے عمر کی حد 19 سال ہے۔

2۔ جو طلباء ایف۔اے کے امتحان کی تیاری کر رہے ہیں وہ بھی ابھی سے اپنی درخواست اپنے اور والد/ سرپرست کے دستخطوں اور مکرم امیر/ صدر صاحب جماعت کی سفارش کے ساتھ بھجوا دیں۔ جس میں مندرجہ بالا کوائف کے علاوہ فرسٹ ائیر کے نمبر بھی لکھے جائیں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 576

## ایک ملحد کا سوال اور حضرت مصلح موعودکا پُر معارف جواب

حضرت مصلح موعود تحریر فرماتے ہیں۔

’’میرے پاس ایک دفعہ ایک اباحتی قسم کا آدمی آیا اور کہنے لگا۔ اگر انسان دریا میں کشتی پر سوار ہو اور وہ اپنے دوست سے ملنے جا رہا ہو۔ تو آپ بتائیں کہ جب کنارہ آ جائے۔ تو آیا وہ اتر پڑے یا کشتی میں ہی بیٹھا رہے۔ جونہی اس نے سوال کیا۔ معاً میں سمجھ گیا۔ کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ نماز اور روزہ وغیرہ تو اس لئے ہیں۔ کہ انسان کو خدا مل جائے۔ پس اگر کسی کو خدا مل جائے تو اسے نمازوں اور روزہ کی کیا ضرورت ہے۔ مگر اس نے خیال کیا کہ اس کا یہ مفہوم میں کہاں سمجھوں گا اور میں اسے یہی جواب دوں گا کہ جب کنارہ آئے تو اتر پڑے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اس کی حقیقت کھول دی اور میں نے بجائے یہ جواب دینے کے کہ جب کنارہ آئے تو وہ کشتی سے اتر پڑے۔ یہ جواب دیا کہ اگر تو جس دریا میں وہ سفر کر رہا ہے۔ اس کا کوئی کنارہ ہے۔ تو جب کنارہ آ جائے تو بے شک اتر پڑے۔ لیکن اگر اس دریا کا کوئی کنارہ نہیں۔ تو جہاں اسے کنارے کا خیال آیا اور وہ یہ سمجھ کر کشتی سے اترا کہ کنارہ آ گیا ہے وہیں وہ ڈوبا یہ جواب دے کر میں نے کہا۔ اب بولو تم جس دریا کا ذکر کر رہے اس کا کوئی کنارہ ہے یا نہیں وہ کہنے لگا ہے تو وہ بے کنارہ ہی۔ تو اللہ تعالیٰ کی غیر محدود ہستی ہے اور غیر محدود ہستی کا عرفان اسی صورت میں انسان کو حاصل ہو سکتا ہے۔ جب وہ بھی اپنا قدم آگے سے آگے بڑھاتا چلا جائے۔ اگر ہم ایک ہی مقام پر ٹھہرے رہیں۔ تو غیر محدود ہستی کا غیر محدود قرب ہم کس طرح حاصل کر سکتے ہیں اور جب ہم اس کا قرب حاصل نہیں کریں گے۔ تو اس کے انعامات سے محروم رہیں گے اور جتنا زیادہ ہم اس کے انعامات سے محروم رہیں گے۔ اسی قدر زیادہ ہمیں ناکامی و نامرادی ہو گی۔

پس ہمیں اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی وسعت اور اپنے کام کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے رات دن یہ کوشش کرنی چاہئے کہ ہمیں اس کے فضلوں سے زیادہ سے زیادہ حصہ ملے۔ نہ صرف اسی قدر جو پہلی جماعتوں کو ملا بلکہ ان سے بھی بڑھ کر ہمیں اس کے انعامات حاصل ہوں۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1940ء صفحہ 140)

## 1924ء کے سفر انگلستان کا ایک دلچسپ واقعہ

حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

’’میں 1924ء میں انگلینڈ گیا۔ تو حافظ روشن علی صاحب بھی میرے ساتھ ساتھ تھے۔ ان کی طبیعت میں مزاح تھا۔ ہم ایک زیر تعمیر مکان کے پاس سے گزرے۔ تو ہم نے دیکھا کہ معمار اور مزدور اس طرح بھاگ بھاگ کر کام کر رہے تھے۔ جیسے کہیں آگ لگی ہوئی ہے اور وہ اسے بجھا رہے ہیں۔ ہم وہاں سے کچھ دور گئے۔ تو حافظ صاحب نے کہا۔ حضور کیا آپ نے یہاں کوئی آدمی چلتا ہوا بھی دیکھا ہے میں ان کی بات کو سمجھ گیا اور میں نے کہا۔ آپ درست کہتے ہیں۔ میں نے یہاں کسی کو چلتے ہوئے نہیں دیکھا۔ سب کو دوڑتے ہوئے ہی دیکھا ہے غرض وہ لوگ کام کرنے کے عادی ہیں۔ وہ ناممکن کے متعلق بھی کہتے ہیں کہ ہم اسے کر لیں گے۔ لیکن ہم ممکن کو بھی ناممکن کہہ دیتے ہیں۔ اس لئے ہمارے کاموں میں اللہ تعالیٰ کی برکت نہیں ہوتی۔ لیکن اگر ہم صحیح رنگ میں محنت کریں اور دعاؤں کی عادت بھی ڈال لیں۔ تو ہمیں بھی سب کچھ حاصل ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اور وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔‘‘

(رپورٹ مجلس مشاورت 1957ء صفحہ 66)

## تقریب آمین

مکرم شوکت محمود صاحب صدر حلقہ دہلی دروازہ لاہور تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بھانجے توقیم احمد واقف نو ابن مکرم وسیم احمد صاحب زعیم مجلس انصار اللہ حلقہ بھاٹی گیٹ لاہور نے پونے پانچ سال کی عمر میں قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔ قرآن کریم پڑھانے کی سعادت بچے کی والدہ مکرمہ فوزیہ وسیم صاحبہ کو حاصل ہوئی۔ موصوف مکرم محمد شریف صاحب کا پوتا اور مکرم میاں مبارک احمد صاحب کا نواسہ ہے تقریب آمین کے موقع پر خاکسار نے بچے سے قرآن کریم سنا اور دعا کروائی اللہ تبارک تعالیٰ بچے کو قرآن کریم کو صحیح معنوں میں پڑھنے اور اس کے علوم و معارف سیکھنے اور عالم باعمل بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# حمد باری تعالیٰ

## اللہ تعالیٰ کے حضور شکرانہ نعمت

کریں شکر کیسی زباں سے خدایا
کہ تو نے ہمیں احمدی ہے بنایا
ہمیں مل گئی ہے مسیحا کی جنت
خلافت کی نعمت کو ہم نے ہے پایا
اطاعت سکھائی محبت سکھائی
خلافت نے ہم کو ہے جینا سکھایا
بڑی تہمتیں ہم پہ ناحق لگی ہیں
بڑا ظلم ہم پر زمانے نے ڈھایا
اسیری کا کاجل شہادت کی مہندی
خراج محبت ہمیں نے چکایا
خدا کی رضا پہ ہی راضی رہے ہیں
کبھی کوئی شکوہ لبوں پہ نہ آیا
خدا نے ہماری مدد کی ہمیشہ
قدم اپنا آگے سے آگے بڑھایا
ہمیں دے دیئے ملک ہا ملک اس نے
زمین کے کناروں تلک کھینچ لایا
خدایا ہو مسرور کی عمر لمبی
رہے حشر تک اس کا ہم پہ یہ سایا

**ناصر احمد سید**

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

ر۔ت۔خان

# میرے ابا جی۔ محترم ڈاکٹر خیر الدین صاحب بٹ

جانے والے تو گزر جاتے ہیں چپ چاپ مگر        کوچۂ یار میں قدموں کے نشاں بولتے ہیں

## ابتدائی حالات

ہمارے آباؤ اجداد کشمیر میں ریاست جموں کے قصبہ 'گوش' کے رہنے والے تھے۔ پیشے کے لحاظ سے زمینداری، قالین بافی اور کشمیری دوشالوں کی تجارت تھی۔ 1848ء میں جب انگریزوں نے ریاست جموں کشمیر کو اونے پونے داموں ہندو ڈوگروں کے ہاتھوں بیچا تو ڈوگروں نے ہر ممکن ظالمانہ طریق سے مسلمانوں کا استیصال کیا۔ ان دلفگار حالات میں اکثر کشمیری مسلمانوں نے پنجاب کا رخ کیا۔ چنانچہ ابا جی کا خاندان 1875ء کے لگ بھگ ہجرت کر کے کچھ موضع چک سدے اور کچھ موضع سیان، ضلع سیالکوٹ میں آباد ہو گیا۔

ابا جی 1898ء میں محترم امیر خان صاحب اور محترمہ حسین بی بی صاحبہ کے ہاں موضع چک سدے تحصیل ڈسکہ میں تولد ہوئے۔ آپ کا ننھیال وڈالا ضلع سیالکوٹ میں تھا۔ پانچ سال کی عمر میں آپ کی والدہ ماجدہ وفات پا گئیں، آپ اپنی والدہ کی اکیلی اولاد تھے۔ والد صاحب کاروبار کے سلسلے میں برما چلے گئے اور ابا جی اپنی پھوپھی محترمہ عمر بی بی صاحبہ کی تربیت میں آ گئے، جو عابدہ زاہدہ اور نیک دل خاتون تھیں۔ انہوں نے اپنے بھتیجے کو اپنی اولاد کی طرح پالا پوسا اور نہایت ہی احسن طریق پر آپ کی تربیت کی۔ چنانچہ ابا جی بچپن ہی سے نہایت صاف ستھری عادات کے باعث خاندان بھر میں معزز جانے جاتے تھے۔ آپ کو جھوٹ، فریب سے نفرت تھی۔ کم گو اور باقاعدہ عبادت گزار تھے۔ بیان کیا کرتے تھے کہ چھوٹی عمر میں جب نماز پڑھتے، تو نماز کی رکعتوں کی تعداد کا علم نہیں تھا، ایک رکعت پڑھ کر بھاگ کر پھوپھی سے پوچھ کر آتے اور کتنی رکعتیں پڑھوں؟ اس طرح نماز پوری کرتے۔

ایک دفعہ بچپن میں گاؤں کے دوسرے بچوں کے ساتھ سکول سے گھر واپس آ رہے تھے کہ رستے میں آندھی اور طوفان نے آ لیا۔ اچانک اندھیرا چھا گیا۔ ایک لڑکے نے اندھیرے میں ہوا میں جھولتے ہوئے درخت کو بھوت خیال کرتے ہوئے اپنی درانتی اس میں گھونپ دی۔ گھر میں جب اس واقعے کا علم پھوپھی صاحبہ کو ہوا۔ تو طوفان تھمنے پر انہوں نے بچوں کو ساتھ لیا، اور واقعے کی جگہ پر لے گئیں، اور بچوں کو دکھایا کہ درانتی درخت کے تنے میں لگی ہوئی تھی۔ اس طرح بچوں کو یقین دلایا، کہ جن بھوت کا کوئی وجود نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کمال شفقت اور مہربانی سے توہمات سے نفرت اور خدا تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ پر یقین پیدا کرنے کیلئے آپ کی پھوپھی مرحومہ کو بچپن ہی سے ذریعہ بنا دیا۔ جبکہ ابا جی کے خاندان کے اکثر لوگ بے راہ رو اور پیری فقیری میں غلطاں تھے اور بعض تو اب تک ہیں۔

آپ جہاں جاتیں اپنے ساتھ ابا جی کو رکھتیں، اور ہر طرح سے تربیت کا خیال رکھتیں، نمازوں اور تہجد کیلئے ہوشیار کرتیں۔ اس طرح بزرگ کی زیرِ تربیت رہنے کے باعث ابا جی میں بچپن سے ہی نیکی بدی کا شعور پیدا ہو گیا تھا۔ آپ اپنے کزنوں کے باہمی اختلافات بڑی خوش اسلوبی سے نمٹا دیا کرتے تھے۔

## تعلیم و تربیت

ابا جی نے ابتدائی تعلیم پرائمری سکول موضع وڈالا، ضلع سیالکوٹ میں حاصل کی۔ آپ کی والدہ مرحومہ کے زیورات بیچ کر نامساعد حالات کے باوجود آپ کی پھوپھی مرحومہ نے اپنی نگرانی میں آپکی تعلیم جاری رکھنے کا اہتمام کیا۔ گاؤں میں سکول نہیں تھا ابا جی تین کوس چل کر موضع وڈالا کے سکول میں پڑھنے جاتے۔ مڈل کا امتحان گوجرانوالہ ہائی سکول سے ہوسٹل میں رہ کر پاس کیا۔ سکول کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد نوکری کی تلاش ہوئی، اس وقت مختلف حکومتی اداروں مثلاً پولیس، پٹواری، کلرک وغیرہ میں آسانی کے ساتھ نوکریاں دستیاب تھیں۔ مگر ابا جی نے نوکری میں دو چیزوں کو مدِ نظر رکھا، جس میں رشوت کا کم سے کم امکان ہو، اور نماز پڑھنے کا موقع مل سکے۔ اس دوران جنگِ عظیم اول شروع ہو گئی تو آپ ابتدائی میڈیکل کا امتحان پاس کر کے فوج میں بھرتی ہو گئے۔ جنگ کے بعد کساد بازاری کے دوران کچھ عرصہ گاؤں میں عزیز رشتہ داروں کا کھیتی باڑی میں ہاتھ بٹاتے رہے۔ پھر آپ نے وٹرنری سکول لاہور میں داخل ہو کر وظیفہ حاصل کیا۔ کفائیت سے خرچ کرتے اور ہر ماہ وظیفہ کی رقم سے بچت بھی کر لیتے، جبکہ دوسرے طالب علم گھر سے کافی خرچ لینے کے باوجود مہینے کے آخری دنوں میں لوگوں سے ادھار مانگ کر گزارہ کرتے۔

## شادی

آپ آٹھویں کے طالب علم تھے کہ آپ کی شادی پھوپھی زاد حسینہ بی بی صاحبہ سے کر دی گئی۔ جس کے بطن سے آپ کے دو بچے پیدا ہوئے۔ جو ماں کے ساتھ وبائی بیماری کی نذر ہو گئے۔ دوسری شادی آپ کی دوسری پھوپھی زاد عائشہ سے ہوئی جو ہماری والدہ تھیں۔ جن سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دس صحت مند بچوں سے نوازا۔

## ملازمت

آپ نے وٹرنری کالج لاہور سے گریجوایشن کیا اور ڈاکٹر کے طور پر اپنی عملی زندگی کا آغاز کیا۔ ابا جی کی خواہش کے مطابق ایسے محکمے میں آپ کو ملازمت ملی جہاں آسانی سے رشوت سے بچا جا سکتا تھا، اور نماز کیلئے کافی وقت مل جاتا تھا۔ آپ پنجاب کے مختلف ہسپتالوں خانقاہ ڈوگراں، شاہ کوٹ (سانگلہ ہل)، کیمبل پور، حافظ آباد، بھام اور کالے افغاناں وغیرہ میں 40 سال تک خدمات انجام دیتے رہے۔ ہر جگہ خوش اسلوبی اور نیک نامی سے کام کیا، آپ جہاں جاتے ایک قابل اور فرض شناس ڈاکٹر کے طور پر یاد رکھے جاتے۔ آپ کا معمول تھا جس ہسپتال میں تعیناتی ہوتی repairing grant سے ہسپتال اور عملے کی رہائش گاہوں کی مرمت کرواتے۔ ٹوٹے پھوٹے فرنیچر کی جگہ نیا ساز و سامان مہیا کرتے۔ آپ کی ایمانداری اور حسنِ خُلق کے باعث افسران اور عملہ آپ کی عزت کرتا، کیونکہ آپ ہر کام خوش اسلوبی اور معاملہ فہمی سے سرانجام دیتے تھے۔

## قبولیت احمدیت

ابا جی اپنی پھوپھی مرحومہ کی نیک تربیت کے باعث اوائل عمر سے ہی عبادت گزار، متقی اور پرہیز گار تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ دیہات میں وبائیں عام تھیں۔ طاعون، ہیضہ اور چیچک سے خاندانوں کے خاندان صاف ہوتے چلے جاتے تھے۔ آپ کے اکثر رشتہ دار کسی نہ کسی پیر کی ارادت میں تھے۔ مگر نیک تربیت کے باعث ابا جی بچپن ہی سے ان سے سخت نفرت کرتے تھے۔ ابا جی بیان کیا کرتے تھے اُس وقت کے دگرگوں حالات کو دیکھ کر عام لوگ مسیحِ دوران کی آمد کے منتظر تھے۔

ابا جی کو صحیح تلفظ کے ساتھ قرآن کریم پڑھنے کا شوق تھا۔ اکثر مسنون عبادات، دعاؤں اور قرآن حکیم کی تلاوت میں منہمک رہتے، آپ کے اکثر رشتہ دار آپ کے بارے میں فکرمندی کا اظہار ان الفاظ میں کرتے:۔

"خیر الدین اچھا بھلا عقلمند آدمی ہے، لیکن بے پیرا ہے، ڈر ہے کہیں عیسائی نہ ہو جائے!" آپ کے تقویٰ طہارت کے باعث ملازمت کے دوران جہاں جاتے وہاں امام الصلوٰۃ کے فرائض آپ کے سپرد ہوتے۔ نماز میں سورہ فاتحہ کی تلاوت کرتے ہوئے اھد نا الصراط المستقیم کا تکرار کرتے، اور دعاؤں میں ربنا لا تحملنا کا درد سے تکرار کرتے۔ اپنے ماحول میں بچوں کو قرآن کریم پڑھانے کا فریضہ بڑے شوق سے ادا کرتے۔ قرآنِ کریم کی تلاوت بڑی احتیاط کے ساتھ صحیح مخرج سے کرتے تھے۔ آپ کو صفائی اور طہارت کا خاص طور پر خیال رہتا، بیت الذکر جاتے وقت خاص طور پر کپڑے بدل کر جاتے۔ وضو بڑے اہتمام اور اطمینان سے کرتے۔ نماز بڑے انہماک اور توجہ سے ادا کرتے تھے۔

ابا جی نے ڈاکٹر کی حیثیت سے سروس کا آغاز پنڈی بھٹیاں ضلع حافظ آباد سے کیا تھا۔ جہاں مکرم حافظ محمد عبداللہ صاحب والد مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مرحوم سے واقفیت ہوئی۔ خان صاحب مرحوم ڈاکٹر صاحب کے پاس ہر روز اخبار الفضل کا شمارہ چھوڑ جاتے۔ ڈاکٹر صاحب اخبار کا پروپیگنڈا خیال کرتے ہوئے ہاتھ نہ لگاتے۔ دوسرے آنے والے لوگ اخبار کا مطالعہ کرتے۔ ایک دن ابا جی نے جرأت کر کے اخبار کھول کر پڑھنا شروع کیا تو باتیں دل کو لگیں، پھر تو سب سے پہلے خود الفضل پڑھتے۔

ابا جی جستہ جستہ جماعت احمدیہ کے عقائد سے تو متعارف ہو چکے تھے مگر احتیاط آگے بڑھنے نہیں دیتی تھی۔

اسی دوران ایک عجیب واقعہ ہوا جس نے احمدیت قبول کرنے کی راہ ہموار کر دی۔ ایک دن جب ابا جی عصر کی نماز پڑھ کر فارغ ہو کر ہسپتال کے احاطے میں بڑ کی چھاؤں میں اپنا دفتری کام کر رہے تھے۔ ایک معزز بزرگ سلام دعا کے بعد نماز پڑھنے کیلئے ساتھ ہی مخصوص چبوترے پر نماز میں مشغول ہو گئے۔ بزرگ نووارد کو خشوع و خضوع سے نماز پڑھتے دیکھ کر ابا جی ان کی طرف متوجہ ہوئے۔

نماز کے بعد نووارد سے تعارف ہوا آپ کا نام حکیم محمد صدیق اور جائے مسکن قادیان تھا۔ ان دنوں میری امی بیمار تھیں۔ ابا جی نے حکیم صاحب سے دعا کی درخواست کی۔ حکیم صاحب نے دعا کے ساتھ استعمال کیلئے دوا کی ایک پڑیا دی، دوسری خوراک کیلئے جلد آنے کا وعدہ کر کے رخصت ہوئے۔ جاتے ہوئے کتاب "تریاق القلوب" میز پر چھوڑ گئے۔ ابا جی کو مطالعہ کا شوق تو تھا ہی مگر قابلِ قدر مواد نہیں ملتا تھا سوائے عام اخبارات کے جن سے ملکی اور غیر ملکی خبروں کا پتہ چلتا رہتا۔ ابا جی جیسے جیسے کتاب پڑھتے جاتے مصنف کے طرزِ استدلال سے متاثر ہوتے جاتے۔ جلد کتاب ختم کر لی، کتاب کے مصنف کے بارے میں مزید معلومات کی جستجو ہوئی، شدت سے حکیم صاحب کے آنے کا انتظار کرنے لگے۔ حکیم صاحب تو پہلے ہی لکڑی کے پاس سلگتا ہوا انگارہ چھوڑ گئے تھے، سلگی آگ کی بھڑک دیکھنے کے لئے جب کچھ دن بعد تشریف لائے، تو ابا جی کو بے قراری سے منتظر پایا۔ اللہ کے فضل سے دوائی کی پہلی پڑیا کے استعمال سے میری امی صحت یاب ہو چکی تھیں۔ حکیم صاحب اپنے ساتھ مزید کتب لائے تھے۔ حضرت مسیح موعود کے دعوے کے بارے میں حکیم صاحب سے تبادلہ خیالات ہوا۔ حکیم صاحب سے معلوم ہوا کہ مسیح آخر الزماں کبھی کا آ چکا ہے، اور اب اس کا دوسرا خلیفہ قادیان میں اُس کے مشن کو بڑھانے کیلئے شب و روز محنت کر رہا ہے۔ ابا جی نے احمدیت کو اپنے خیالات کے بہت قریب پایا اور فیصلہ

کیا کہ اس کا قادیان کے قریب رہ کر مشاہدہ کرنا چاہئے۔

اس دوران قادیان کے قریب کالے پٹھانا گاؤں کے ہسپتال میں vaccancy پیدا ہونے پر وہاں تبدیلی کرالی۔ جہاں احمدیوں سے ملاقات رہتی اور قادیان کے قریب رہ کر احمدیت کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ جلد ہی احمدیت کے بارے میں تشفی ہوئی۔ چنانچہ 1930ء کے جلسہ سالانہ کے دوران حضرت مصلح موعود کے ہاتھ پر بیعت کی سعادت نصیب ہوئی، بیعت کے بعد واپس ہوئے۔ کالے پٹھانا گاؤں کے کچی پکی اینٹوں سے تعمیر شدہ پرانی طرز کے مکانوں میں جہاں دن کے وقت بھی اندھیرا رہتا تھا وہاں اب سورج اور چاند کی کرنیں جگمگانے لگیں۔ ہماری والدہ یہ کہتے ہوئے ''کہ آپ نے کبھی کوئی بات غلط نہیں کی'' فوراً بیعت کر لی۔ پھر اللہ تعالیٰ کے فضل سے ابا جی کے خاندان کے اکثر افراد احمدیت میں داخل ہو گئے۔ آپ نے اپنے دونوں سوتیلے بھائیوں نذیر احمد بٹ اور بشیر احمد بٹ کو بہت دعوت الی اللہ کی اور انہیں پڑھانے کیلئے بڑی کوشش کی مگر وہ اس نعمت سے محروم رہے۔

ابا جی کی قدرتی طور پر شروع سے ہی قوتِ شامہ نہیں تھی۔ اس کے باوجود خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے آپ نے گلشن احمد میں کھلے ہوئے گلِ رعنا کی باس پر فریفتہ ہو کر دیوانہ وار لبیک کہتے ہوئے دل و جان سے فدا ہو گئے۔ ابا جی کے قبولیتِ احمدیت کی خبر جب کالے پٹھانا گاؤں میں مشہور ہوئی۔ تو کئی دن گاؤں کی عورتیں اکٹھی ہو کر والدہ سے افسوس کرنے آتی رہیں۔ اور کہتیں ''ڈاکٹر صاحب تو نیک آدمی ہیں انہیں کیا ہو گیا ہے کہ اپنا مذہب تبدیل کر لیا ہے''۔ ہماری والدہ انہیں سمجھاتیں کہ مذہب تبدیل نہیں کیا بلکہ امام مہدی کو مانا ہے۔

احمدیت قبول کرنے کے بعد ابا جی کو اکثر سچے خواب آتے، آپ اخلاص میں بڑھتے چلے گئے اور جلد ہی نظامِ وصیت میں شمولیت اختیار کر لی۔ تحریکِ جدید کی پانچ ہزاری فوج میں شامل ہوئے۔ اور ہر تحریک میں حصہ لیا۔ اپنے بیٹے امتیاز احمد بٹ کو فرقان فورس میں بھجوایا۔ ہر سال بڑے اہتمام کے ساتھ اپنے سارے بچوں کے ساتھ جلسے پر جاتے۔ اتفاقاً ایک سال نہ جا سکے، تو اگلے سال جلسہ پر ملاقات کے دوران حضرت مصلح موعود نے گزشتہ سال نہ آسکنے کی وجہ دریافت فرمائی، تو ابا جی نے عرض کیا ''سب بچے خسرہ سے بیمار تھے اس لئے حاضر نہ ہو سکا۔'' حضور کی دعا کی برکت سے پھر کبھی ایسا واقعہ پیش نہیں آیا۔

جب ابا جی کی ٹرانسفر بڈھے گورایا ضلع سیالکوٹ میں ہوئی، تو وہاں احمدیت کا نفوذ ہوا، اور کئی خاندان احمدیت میں داخل ہوئے۔ ابا جی گاؤں نے اکثر بچوں کو قرآنِ کریم پڑھایا آپ کے اس وقت کے کئی شاگرد جو دنیا بھر میں مختلف ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں اب تک آپ کو متشکرانہ الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔

## بچوں کی تربیت

ابا جی کو بچوں کی تربیت کا خیال بہت رہتا۔ گھر میں باقاعدہ باجماعت نماز کا اہتمام رہتا۔ ہمیں قرآنِ شریف پڑھاتے، معانی سمجھاتے۔ حضرت مسیحِ موعود کی کسی ایک کتاب کا درس ہوتا، ابا جی ساتھ ساتھ مشکل الفاظ کے معانی کاپی پر لکھواتے جاتے اور مضمون سمجھاتے۔ ہر روز سونے سے پہلے نماز کا سبق دھراتے اور نماز پڑھنے اور بیت الذکر کے آداب بتاتے۔

ابا جی کو بیٹوں اور بیٹیوں کی تعلیم و تربیت کا خیال رہتا۔ ہمیں اعلیٰ تعلیم دلوائی اور ہم بہنوں کو گھریلو استعمال میں آنے والی عام ادویات کے نام اور استعمال کے بارے میں نوٹس لکھواتے، جن میں آئے دن اضافہ ہوتا رہتا، اور اکثر ہمارا امتحان لیتے رہتے۔ گھریلو فرسٹ ایڈ کے متعلق ہدایات دیتے۔

جس جگہ ٹرانسفر ہوتی کوشش ہوتی لڑکیوں کے سکول اور کالج کے قریب مکان لیں۔ کہا کرتے تھے لڑکے تو سائیکل وغیرہ پر آجا سکتے ہیں۔ چنانچہ قادیان میں محلّہ دارالعلوم اور پھر ربوہ میں دارالصدر شمالی میں مکانات کی تعمیر کروائی۔ جہاں سے لڑکیوں کے سکول کالج قریب تھے۔ شام کے وقت سکول کا کام کرنے میں ہماری مدد کرتے۔

بچوں کی دینی اور معاشرتی تربیت کے ساتھ ساتھ حفظانِ صحت کے اصولوں سے بھی آگاہ کرتے رہتے۔ ہر شام بچوں اور بڑوں کیلئے عمر کے لحاظ سے چھوٹی، بڑی، موٹی اور نرم مسواکیں مہیا کرنے کا اہتمام ہوتا تھا۔ گھر میں گائے یا بھینس مستقلاً رہتی تھی۔ اسی طرح مرغیاں ہمیشہ رہیں۔ بازار سے کھانے کو سخت ناپسند کرتے۔ قادیان میں شام کے وقت ایک دہی بھلے بیچنے والا آیا کرتا تھا۔ گلی محلے کے بچے کٹورے تھالیاں لئے خریدنے دوڑے چلے آتے۔ ایک دن جبکہ میں اپنے گھر کے باہر کھیل رہی تھی، وہاں سے گزرتے ہوئے اس نے ہمارے گھر کی طرف اشارہ کر کے کہا ''اس گھر والوں نے کبھی دہی بھلے نہیں خریدے۔''

ابا جی اپنے مالی معاملات کا باقاعدہ حساب کتاب رکھتے، اور گھریلو خرچ، لین دین کے معاملات اور بچوں کی پیدائش کی تواریخ، امتحانات، شادیوں پر خرچے وغیرہ کا ریکارڈ اپنی ڈائری میں محفوظ رکھتے۔ جب کبھی ہمیں ضرورت پڑتی ابا جی کی ڈائری ہمارے بہت کام آتی۔

موسمی پھل بچوں میں تقسیم کرنے کیلئے خود حصے بناتے، کبھی بڑے سے اور کبھی چھوٹے سے ابتدا کرتے۔ اس طرح ہر بچہ خوش ہو جاتا۔

جب ابا جی کی تبدیلی قادیان کے قریب بھام ہسپتال میں ہوئی تو ہمیں دارالبرکات شرقی میں کرائے کے مکان میں رکھا اور خود سائیکل پر ڈیوٹی پر جاتے۔ دارالعلوم میں زمین خرید کر مکان کی تعمیر شروع کی۔ ہم موسمِ گرما کی چھٹیاں بھام گزارتے جہاں ابا جی ہمیں ہر روز نہر پر لے جاتے۔ راستہ بارش کے باعث دشوار گزار ہوتا، رستے میں سن کے کھیت کے پاس گزرتے وقت سن کے گھنگروؤں کی آواز ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا بھلی لگتی۔ عجب خدا تعالیٰ کی قدرت کا نظارہ ہوتا۔ دور کھیتوں میں تیتر کی ''سبحان تیری قدرت'' کا بلارا اور کبھی کبھی کھیتوں میں مور کے سنہرے پروں کی جھلک اور درختوں پر کوئل کی کوکو بہت اچھی لگتی۔ نہر میں ہم خوب ڈبکیاں لیتے۔ مچھلی اور مگرمچھ کا کھیل کھیلتے اور خوب مزا رہتا۔ ابا جی نے ہمیں یہاں تیرنا سکھایا۔

قادیان اور اس کے نواح کے ماحول کا جنت نظیر نظارہ اور ابا جی اور بہن بھائیوں کا ساتھ، مجھے سالوں بعد جرمنی میں دریائے مائین کے کنارے سیر کرتے ہوئے، کینیڈا میں شہرہ آفاق نیاگرا آبشار کا نظارہ کرتے ہوئے اور فلاڈلفیا (امریکہ) میں ڈلاور (Delaware) دریا کے کنارے سی گلز (sea gulls) کو آسمان کی بلندیوں سے سیدھے پانی کی گہرائیوں میں کودتے دیکھ کر بھی نہ بھولا، ان خوش منظر مقامات میں بھی اُس متبرک ماحول کی یاد سے ہمیشہ میری آنکھیں دھندلا جاتی رہیں۔ اور اپنی خوش قسمتی پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاتی رہی کہ وقت کے ساتھ ساتھ بدلتے منظر میں مسیح وقت کی بستی کے پاکیزہ ماحول کی برکات جہاں میں گئی میرے ساتھ ساتھ رہیں۔

## معاملہ فہمی

ابا جی اپنے عقائد کو کبھی نہ چھپاتے، محکمے میں سب کو پتہ تھا کہ آپ احمدی ہیں اور آپ کی ایمانداری اور صاف گوئی کے باعث سب آپ کی عزت کرتے۔ جس ہسپتال میں تبادلہ ہوتا پہلے آپ کی نیک نامی جاتی۔ آپ کی رہائش خواہ ہسپتال میں ہوتی یا محلّہ میں سب ہمسائے آپ کے حسنِ خُلق کے باعث آپ کے گرویدہ ہوتے۔

خانقاہ ڈوگراں میں ڈاکٹر کے کوارٹر کے عقب میں ایک ملنگ ساری رات اللہ، اللہ کا جَپ بلند آواز میں کرتا رہتا، اور صبح نماز کے وقت سویا رہتا۔ اردگرد کے لوگ سخت بیزار تھے۔ ابا جی نے منع کیا مگر باز نہ آیا اور کہا ''تمہیں اللّٰہُ اللّٰہ کا ورد برا لگتا ہے؟'' اگلی صبح ابا جی نے جا کر سوئے ہوئے ملنگ پر سے چادر کھینچ کر کہا ''اٹھو اب اللّٰہُ اللّٰہ کرنے کا وقت ہے نماز پڑھو!'' ملنگ شرمندہ ہوا، اور اپنے عمل سے آئندہ باز آگیا۔ اسی طرح کا واقعہ حافظ آباد میں بھی پیش آیا۔ ہسپتال کے پاس مٹھائی کی دکانیں تھیں۔ جہاں آدھی رات تک مٹھائی بناتے وقت کارندے نعتیں اور گانے گاتے رہتے اور صبح تک سوئے رہتے۔ محلے والے سخت تنگ تھے۔ ابا جی نے ایک دن مسجد کے مولوی کو ساتھ لیا اور سوئے ہوؤں پر سے چادریں کھینچ کھینچ کر کہا۔ ''اٹھو اٹھو نماز کا وقت ہے!'' اس طرح دو تین دن کے عمل سے محلے والوں کو سکھ اور چین نصیب ہوا۔

1953ء کے فسادات کے دوران ہم حافظ آباد میں تھے۔ ابا جی دورے پر گئے ہوئے تھے۔ جب واپس آئے تو جلوس کو گھر کے دروازے پر پایا۔ اس وقت وہ اونچی آواز میں ہمیں دھمکا رہے تھے کہ ''تم ہماری کشمیری بہنیں ہو اپنے والد کو کہو کہ کلمہ پڑھ لے ورنہ یاد رکھو، ہم بڑے بُرے لوگ ہیں۔'' وغیرہ۔ ابا جی تھانے پہنچ گئے۔ تھانے دار اور سپاہیوں کو ساتھ لے آئے۔ جلوس پر تھانیدار کی وارننگ کا تو کوئی اثر نہ ہوا، آخر ایک دو ہوائی فائروں سے شرارتی لوگ چشمِ زدن میں تتر بتر ہو گئے۔

## ربوہ میں رہائش

ابا جی 1956ء میں حافظ آباد، ضلع گوجرانوالہ سے Deputy Director Animal Husbandry پنجاب کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ 1954ء میں محلّہ دارالصدر شمالی میں ہمارا مکان بن گیا تھا اور ہم ربوہ کے مختلف سکولوں اور کالجوں میں داخل ہو چُکے تھے۔ ابا جی نے وقت گزاری کیلئے گولبازار میں "بٹ میڈیکل سٹور" کی ابتدا کی۔ ان دنوں آپ کے سوا ربوہ اور گردونواح میں Animal Husbandry کا کوئی اور ڈاکٹر نہیں تھا۔ چنانچہ لوگ دور ونزدیک کے گاؤں سے آپ سے مشورہ لینے آتے رہتے تھے۔ بلدیہ ربوہ کی درخواست پر آپ کئی سال ربوہ کے مذبح خانے کے نگران کے طور پر بلا معاوضہ فریضہ نہایت دیانت داری کے ساتھ ادا کرتے رہے۔ اسی طرح کئی سال جلسہ سالانہ کے دوران ذبح ہونے والے جانوروں کی صحت اور گوشت کی صفائی ستھرائی کی نگرانی بھی آپ کے سپرد رہی۔

## خلافت احمدیہ سے اخلاص

ابا جی نے قادیان میں محلّہ دارالعلوم میں جب مکان کی تعمیر شروع کی تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے مکان کی بنیاد رکھنے کی درخواست کی، حضور نے ازراہِ کرم تشریف لا کر بنیاد رکھی اور دعا کی۔ ابا جی کی پھوپھی مرحومہ (جو بہت بزرگ ہو چکی تھیں، اور بیعت کیلئے خود حاضر نہیں ہو سکی تھیں) اس موقعہ پر حضور کی زیارت سے فیض یاب ہوئیں۔

ابا جی کئی سال قادیان کے نزدیک بھام میں وٹرنری سنٹر کے انچارج رہے۔ قادیان اور اس کے گردونواح میں آپ اکیلے وٹرنری ڈاکٹر تھے۔ خاندان حضرت مسیحِ موعود اور دوسرے احباب کے جانوروں کے علاج کے سلسلہ میں آپ مشورہ اور مدد کرتے رہتے تھے۔ اس طرح احباب جماعت سے قریبی روابط قائم تھے۔ ہر سال موسمِ گرما میں حضرت اماں جان اور نواب صاحب کی طرف سے ازراہِ محبت آپ کے لئے آم اور دوسرے پھلوں کا تحفہ آیا کرتا تھا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث آپ سے شفقت کا

سلوک فرماتے۔ اباجی مزے سے بیان کیا کرتے تھے کہ ایک دن میں سیر کیلئے احمد نگر کی طرف کچے رستے پر جا رہا تھا، پیچھے آتی ہوئی گاڑی کا شور سن کر میں مڑے بغیر ایک طرف ہو گیا، مگر میں نے محسوس کیا کہ گاڑی پھر میرے پیچھے ہے، میں نے پیچھے دیکھے بغیر تیز چلنا شروع کیا۔ میں کبھی اِدھر کبھی اُدھر ہوتا مگر گاڑی تھی کہ پیچھا چھوڑتی ہی نہیں تھی۔ آخرکار گاڑی میرے برابر آ کر رک گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث گاڑی سے مسکراتے ہوئے اترے اور فرمایا: ”ڈاکٹر صاحب آخر آپ کو ہم نے پکڑ ہی لیا۔“

اباجی ہمیں احمدیت کی برکات سے آگاہ کیا کرتے اور خلافت کے ساتھ ہمیشہ وابستہ رہنے کی تاکید کیا کرتے تھے۔ آپ اپنے چندہ جات باقاعدگی سے ادا کرتے۔ ہر سال رمضان کے دوران کپڑے اور صندوق تک حاجت مندوں میں تقسیم کر دیتے۔ کوشش سے غرباء اور خاص طور پر طلباء کی مدد کرتے۔ اسی طرح اپنے غریب رشتہ داروں کی باقاعدگی کے ساتھ مالی امداد کرتے۔ آپ نے سوتیلے بھائیوں کی تعلیم کے لئے ہزار جتن کئے مگر وہ گاؤں چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوئے پھر بھی اباجی نے ان سے رابطہ قائم رکھا اور انہیں امدادی رقم باقاعدہ منی آرڈر کے ذریعے بھجواتے۔ کپڑے کی چھوٹی چھوٹی تھیلیاں سلواتے، جن میں ہر ماہ کچھ ریزگاری محلے کے غرباء اور بیواؤں میں تقسیم کیلئے بھجواتے۔

ہماری والدہ محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ کی 1977ء میں ناگہانی وفات ہم سب کیلئے شاک سے کم نہ تھی۔ اباجی نے یہ صدمہ خدا تعالیٰ پر کامل توکل کرتے ہوئے بڑی ہمت سے برداشت کیا، بلکہ آپ کے مشفقانہ الفاظ نے ہم غمزدہ بہن بھائیوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دی۔

## وفات

اباجی اپنے ایک خواب کا ذکر کیا کرتے تھے جس میں آپ کو بتایا گیا تھا جیسے تمہاری زندگی کا پہلا حصہ والدہ کی وفات کی وجہ سے محتاط گزرا ہے ویسے ہی دوسرا حصہ اہلیہ کی وفات کے باعث محتاط گزرے گا۔ آپ کا زیادہ وقت لاہور میں گزرتا۔ مہینہ دو مہینہ بعد ربوہ تشریف لاتے۔ آخر کچھ دن بیمار رہ کر 8 فروری 1985ء کو لاہور میں وفات پائی، آپ کے گہرے دوست حضرت صوفی غلام محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود نے آپ کی جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں مدفون ہوئے۔

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ رحیم وکریم خدا تعالیٰ اباجی کو جنت الفردوس میں بلند درجہ عطا فرمائے۔ اور ہم لواحقین کو اباجی کے نقشِ قدم پر قائم رہتے ہوئے احمدیت اور خلافت سے وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆......☆......☆

ترجمہ: مکرمہ نبیلہ رفیق صاحبہ

## ناروے کے ایک علمی جریدے کا مضمون

# قرآن علوم وفنون کے لئے ہتھیار بنا

ناروے کے ایک ماہانہ علمی جریدے ''باتصویر علمیات'' میں ایک مصنف lars Due Arnov کے لکھے ہوئے ایک تحقیقی مقالے کا ترجمہ پیش خدمت ہے۔

مقالے کی تصاویر، مراکو اور ترکی کے مسلمان سلاطین کے نوادرات میں سے ہیں، علم نجوم، فن خطاطی، علم ریاضی، علم نجوم، علم طب، اور علم ارضیات کی ترقی کا پتہ چلتا ہے۔ مقالہ شروع کرنے سے پہلے سرورق پر تعارف کے ضمن میں مصنف لکھتا ہے کہ آج مغرب میں عرب دنیا کو مذہبی شدت پسندی کے حوالے سے جانا جاتا ہے، لیکن ازمنہ وسطیٰ میں جب یورپ پر اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ تب عرب علم وشعور کی چوٹی پر کھڑا تھا۔ نئے مذہب اسلام کا اس کے ماننے والوں نے اللہ کا کام جان کر سیکھا اور پڑھا۔ جس کا نتیجہ علمی ترقی کی صورت میں ظاہر ہوا۔

مقالہ کا آغاز ایک کہانی سے شروع ہوتا ہے جو کچھ یوں ہے کہ

ایک مرتبہ ایک عربی طبیب کو ایک عیسائی ڈیرے پر ایک گھڑسوار کے پاؤں کی چوٹ کے علاج کے لئے بلایا گیا۔ طبیب نے اپنے علم کے مطابق مریض کا علاج شروع کر دیا، مگر بالکل اس وقت جب مریض صحت کی طرف لوٹنے کے قریب تھا، اچانک وہاں ایک فرانسیسی ڈاکٹر آ گیا، اس نے عربی طبیب کو نظر انداز کر کے گھڑسوار سے پوچھا، کہ تم کیا چاہتے ہو، ایک پاؤں کے ساتھ جینا یا دو کے ساتھ مرنا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ایک ہتھوڑا گھما کر مریض کے پاؤں پر مارا اگر پہلی ضرب میں وہ کامیاب نہ ہو سکا، اب کے پوری قوت سے اس نے ہتھوڑا اس کے پاؤں کے جوڑ پر دے مارا، پاؤں کی ہڈی ریزہ ریزہ ہو گئی، اور مریض موقع پر ہی ہلاک ہو گیا، اور عرب طبیب افسوس سے سر مارتا ہوا عیسائی طریقہ علاج اور طبابت پر افسوس کرتا باہر نکل گیا۔

یہ کہانی اصل میں ایک علامتی کہانی ہے جو ازمنۂ وسطیٰ کے عرب طبیب اور مغربی ڈاکٹروں کے درمیان پیشہ ورانہ فرق بیان کرتی ہے۔

ان دونوں تہذیبوں کا ہمیشہ ہی آپس میں ٹکراؤ رہا ہے۔ یورپ میں عربوں کے متعلق ہمیشہ ہی سفاک اور خونخوار کہانیاں بیان کی جاتی رہی ہیں۔ جبکہ عرب لوگ یورپین لوگوں کو primitiv villmenn نام سے یاد کیا کرتے تھے۔ اگرچہ دونوں فریق ایک دوسرے کے متعلق مبالغہ آرائی سے کام لیا کرتے تھے۔ مگر عربوں نے جو یورپین کی تصویر کشی کی تھی وہ حقیقت سے زیادہ قریب تھی۔

اس کہانی کے بیان کا زمانہ عربوں کی ترقی کے عروج کا زمانہ تھا۔ بالکل ایک نیا مذہب (اسلام) جو مشرق وسطیٰ سے لے کر جنوبی افریقہ اور یورپ کے دور دراز علاقوں تک پھیل چکا تھا۔ نئے مذہب کو اپنانے والوں نے اس سے محبت کی تھی۔ عربوں کا یہ سنہری دور جس میں عربوں کی تہذیب وتمدن یورپ کے مقابلہ میں بہت زیادہ ترقی یافتہ تھی اس کا عرصہ 900ء سے لے کر 1300ء تک رہا، اور یہ وہ قوم تھی جنھوں نے علم کے ہر میدان میں ترقی کی۔ اس وقت یورپ کی ترقی گرجے کے آہنی شکنجے میں جکڑی ہوئی تھی۔ جنھوں نے کبھی بھی کسی علمی اور تحقیقی میدان میں کوئی دلچسپی نہیں دکھائی تھی۔ دوسری طرف اسلامی دنیا کا یہ عالم تھا کہ انفرادی طور پر بھی امراء اور وزراء کے پاس عالم جمع رہتے اور سلطنت کے زیر انتظام بھی ایک کثیر تعداد میں علوم وفنون کے ماہر تمام اسلامی ریاستوں میں پھیلے ہوتے۔ یہ اور بات ہے کہ اب شاذ کے طور پر ان میں سے کسی کی پہچان باقی رہی ہے۔ اور ان کی جگہ نام نہاد مغربی ماہر اور مفکر اور ان کے علوم کا نام شہرت کی بلندی پر پہنچا ہوا ہے۔ حالانکہ بہت سے علوم کی ترقی بنیاد اور طریق کار، عربوں کی ترقی اور تعلیم کا نتیجہ ہے۔

## اسلامی تہذیب ہتھیاروں سے زیادہ طاقتور تھی

900 عیسوی میں جب کہ عرب علوم وفنون اپنے پورے عروج پر تھا، اس وقت تک عرب دنیا اور اسلام ایک مضبوط سلطنت بن چکے تھے۔ محمد ﷺ 634ء میں فوت ہوئے اور اس سال کے آغاز میں ہی، عرب جزیرہ نما کے اطراف میں اسلامی فتوحات کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

اور صرف ایک سو سال کے اندر اندر عرب دنیا ایک طرف مشرق میں بحر ہند تک اور دوسری طرف مغرب میں جنوبی سپین تک پھیل چکی تھی۔ عربوں کی یہ عظیم الشان فتح کسی طرح بھی جنگی مہمات کا نتیجہ نہیں کہلائی جا سکتی۔ عربوں کا سب سے مضبوط اور طاقتور ہتھیار مذہب اور ثقافت تھا۔ بحیرہ روم کے گرد بسنے والے دوسرے ممالک اور مذاہب کے مقابلہ میں عربوں کے ہاں اپنے عوام کے ساتھ زیادہ بہتر سلوک کیا جاتا تھا۔ مسلمان فاتحین نے کبھی بھی اپنے مفتوحین کے ساتھ ناروا سلوک نہیں کیا۔ اس کی ایک بڑی وجہ مسلمانوں کی تحمل اور برداشت کی عادت تھی۔

711ء میں ایک عرب جرنیل طارق بن زیاد سپین کے علاقے میں پہنچا تو وہاں کے خونی جنگجوؤں کے کردار اور انداز دیکھ کر حیران رہ گئے۔ عرب فوج نے کم مزاحمت سے زیادہ علاقے آزاد کروا لئے۔ یہاں تک کہ وہ تمام سپین پر قابض ہو گئے۔ عربوں کی یہ سلطنت سات سو سال تک ایک کثیر علاقے پر حکومت کرتی رہی۔ تجارت کو بہت جلد اور بہت بڑے پیمانے پر فروغ دیا گیا۔ جس سے سلطنت میں خوش حالی آئی۔ ساتھ ساتھ عرب اور اسلامی تہذیب وتمدن ہر طرف سے ترقی کرتا رہا۔ اور ان کی ترقی سے عظیم تر عمارات بنتی رہیں۔ ان کی عظمت کی ایک یادگار قرطبہ کا شہر تھا۔ جو 950ء میں بنایا گیا۔ اس شہر میں 600 مساجد تھیں۔ بے شمار سرکاری حمام اور کتب خانے تھے۔ اس کے علاوہ خلفاء کے ذاتی کتب خانے بھی موجود تھے۔ ان کے ذاتی کتب خانوں میں بھی تقریباً 40000 کتابیں موجود تھیں۔ تمام گلیاں کوچے اور بازار پلوں سے جڑے ہوئے تھے راستے رات کو روشنیوں سے جگمگاتے تھے۔

اس کے مقابلہ میں یورپ کے بڑے بڑے شہروں میں اندھیرا ہوتا تھا اور آٹھویں صدی میں جا کر یہاں گیس کے لیمپ استعمال ہونا شروع ہوئے تھے۔

## علوم وفنون نے خلفاء کو عظمت عطا کی

اس دور میں ساری سلطنت کے شہروں کی خوش حالی، عربوں کے علوم وفنون کی منہ بولتی تصویر تھی، دولت مند تاجر، شہزادے، وزراء اور خلفاء اپنے پاس بڑے بڑے عالم، شاعر، فلاسفر، اور ماہر علوم وفنون کا مجمع رکھتے، جو ان کی عظمت اور شان کی علامت ہوتے اس طرح ملک میں علم پھیلانے کا مقابلہ سا رہتا، اسی لئے بغداد، قاہرہ، اور قرطبہ میں علم کا دریا سا بہتا رہتا۔

ان شہروں کو علوم کا metropole کہنا غلط نہ ہوگا۔ جہاں کتب خانوں اور بڑی بڑی درس گاہوں میں علوم پر بحث مباحثے ہوتے تھے۔

بغداد میں 800ء میں خلیفہ مامون الرشید نے ایک ادارہ علم اور تحقیق کے لئے کھول رکھا تھا، جسے اس نے دانش گاہ کا نام دیا تھا جہاں قرآن کے علاوہ قدیم یونانی علمی دستاویزات کے تراجم کئے جاتے تھے۔ تراجم کے علاوہ قرآن کی تفاسیر کے کام بھی ہو رہے ہوتے۔ معتزلہ کے دور میں عوام کی خوشحالی اور ذہنی خود اعتمادی پہلے سے زیادہ بحال ہوئی، انسانی سوچ اور صلاحیتوں کو زیادہ ترقی ملی۔

دراصل قرآن اپنے اندر اہل ایمان کیلئے ایک کشش رکھتا ہے جو اپنے پڑھنے والے کو سائنس اور

تحقیق کی طرف راغب کرتا ہے۔اگر چہ عرب خود سمجھتے ہیں کہ مذہب اسلام یہودیت اور عیسائیت کی تکمیل کر رہا ہے ۔ پھربھی یہ لوگ ہمیشہ دوسرے مسلک کے لوگوں کے ساتھ ہمیشہ ضبط اور حوصلے سے کام لیتے ۔ مثلاً انہوں نے ہمیشہ عیسائیوں اور یہودیوں کو، اپنے پلیٹ فارم پرکام کرنے کی اجازت دی ۔ اگر چہ عالم اور دوسرے ماہرین فنون ۔مختلف ممالک اور علاقوں سے آتے تھے۔ پھربھی آپس میں علمی نظریات پر بحث وتمحیص کرتے اور آخر میں نتیجہ ایک مشترکہ زبان میں ہی ظاہر ہوتا۔اس زمانے میں عربی زبان وہ حیثیت رکھتی تھی جوآج انگلش زبان کی ہے۔ایک طرح سے یہ کہنا چاہئے کہ دنیا کا تمام علم اور بڑے بڑے مفکروں کی تمام تر توجہ عرب دنیا کی طرف لگی ہوئی تھی۔

## علم ریاضیات

عرب دنیا میں 800ء کے آغاز میں علم ریاضیات میں بہت زیادہ ترقی ہوچکی تھی ۔علم ریاضی کا سہرا ایک ریاضی دان کے سر پر جاتا ہے۔اس نے علم ہندسہ پر ایک کتاب لکھی جو ریاضیات کی دنیا میں ایک انقلاب ثابت ہوئی۔اس کتاب کے ذریعے پہلی بار صفر استعمال کرنے کا اصول اور صفر کی قیمت کا احساس ہوا کہ کس طرح ایک ایسا ہندسہ جس کی کوئی قیمت نہ تھی، دوسرے ہندسوں کے آگے لگا لینے سے ان ہندسوں کی قیمت میں کتنا اضافہ کر دیتا ہے۔ دراصل ہندسوں کے نظام کی دریافت خوارزمی کی نہیں تھی۔اس سے بہت عرصہ قبل ہندوستان میں اس کی دریافت ہوچکی تھی ۔مگر تکمیل تک پہنچ کر قابلِ عمل نہیں ہوئی تھی۔خوارزمی نے اس پر مزید کام کر کے اسے ترقی دی اور قابل عمل بنایا۔علم ہندسہ جو آج ہم استعمال کررہے ہیں یہ وہی عربی نظام ہندسہ ہے جوالخوارزمی نے پیش کیا تھا۔صفر کا اس طریق پر استعمال اس لحاظ سے بھی انقلاب بنتا ہے کہ اس کی پہنچ آئندہ مفروضہ ہندسوں تک بھی جاتی ہے اور مزید یہ کہ اس کا استعمال بہت آسان ہے۔مگر یورپین تاجر اور تجارتی دفاتر میں ابھی تک یہ لوگ غیر مستعمل رومن ہندسے اور گنتی استعمال کرتے ہیں۔ جب کہ انہی کے عرب ساتھی نفیس طرز کی گنتی استعمال کررہے ہوتے ہیں۔

## علم نجوم

ریاضی کی ترقی اپنی ذات میں علم نجوم کے لئے بہت اہمیت کی حامل تھی۔مسلمانوں نے اس علم میں بھی بہت ترقی کی،اس علم کی ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ مسلمانوں نے روزانہ پانچ نمازیں ادا کرنا ہوتی ہیں، کیونکہ نمازی کو رُخ مکہ کی سمت رکھنا ہوتا ہے۔اس عبادت کا تقاضا یہ تھا کہ مسلمان ستاروں کے ذریعہ دنیا کے ہر کونے سے مکہ کی سمت معلوم کرسکیں۔ عبادت کے اس طریق کی وجہ سے اس زمانہ میں بڑے بڑے ماہرِ نجوم پیدا ہوئے،اورانہوں نے بڑی بڑی دریافتیں کیں۔مثلاً زمین کا رقبہ اور طول وعرض وغیرہ عرب ماہرین نجوم نے ہی دریافت کیا۔بہرحال عربوں نے سب سے پہلے علمِ نجوم کو باقاعدہ مربوط کیا وہ لوگ سطحی طور پر آسمان پر غور نہیں کرتے تھے۔ بلکہ انہوں نے باقاعدہ نظم وضبط کے ساتھ آسمان کا مطالعہ کیا۔انہوں نے اس مطالعہ کے دوران کچھ ایسے مشاہدات کئے جو بعد میں آنے والے ماہرین ارضیات اور ماہرین نجوم کیلئے مشعل راہ بنے ۔ یہ عرب ہی تھے جنہوں نے قدیم مصری ماہرین نجوم Ptolemaios کی ''دنیا کے جغرافیے کی تصویر'' جس میں ستارے اور سورج زمین کے گرد گھومتے تھے کے متعلق سوال اُٹھایا۔عربوں نے تصویر کی اس ساخت کو قبول نہیں کیا۔اور مزید تحقیق کی طرف توجہ کی۔اگر چہ ایک پولش ماہر ارضیات Kopernikus نے 1530ء میں نظام شمسی پر غور کر کے یہ نتیجہ نکالا تھا کہ اس نظام میں سورج ایک مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ Kopernikus کی اس تحقیق میں عربوں کی ستاروں کے متعلق تحقیق کا بہت دخل تھا۔کچھ مؤرخوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ عربوں کے پاس اس تحقیق کے متعلق پورا علم تھا۔

## فنِ طبابت

